قومی اسمبلی سیکریٹریٹ

میڈیا ونگ

***

پریس ریلیز

پاکستانی خواتین نے زندگی کے ہر شعبہ میں گراں قدر خدمات سرانجام دی ہیں۔ قائمقام سپیکر

اسلام آباد 11 اکتوبر 2013: قائمقام سپیکر قومی اسمبلی مرتضیٰ جاوید عباسی نے کہا ہے کہ پاکستانی خواتین نے ادب، صحافت اور سیاست سمیت زندگی کے ہر شعبہ میں گراں قدر خدمات سرانجام دی اور اپنی صلاحیتوں سے یہ ثابت کیا ہے کہ وہ کسی بھی میدان میں کسی سے کم نہیں۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار محترمہ راشدہ ماہین ملک کے شعری مجموعے "سال میں لپٹی رات" کی تقریب رونمائی کے موقع پر اکیڈمی ادبیات اسلام آباد میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔

قائمقام سپیکر نے خواتین کی تعلیم پر زور دیتے ہوئے کہا کہ کوئی بھی معاشرہ خواتین کو تعلیم دیے بغیر ترقی نہیں کر سکتا۔ انہوں نے کہا کہ ہماری آبادی کا پچاس فیصد سے زیادہ حصہ خواتین کی آبادی پر مشتمل ہے۔ اور آبادی کے اس بڑے حصے کو قومی اقتصادی دائرے میں لائے بغیر ترقی کا خواب شرمندہ تعبیر ہونا ممکن نہیں۔ انہوں نے خواتین کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کا بھرپور موقع دینے اور انہیں ادبی اور سائنسی میدانوں میں آگے لانے کی ضرورت پر زور دیا۔

قائمقام سپیکر نے راشدہ ماہین ملک کی فن شعری کو سراہتے ہوئے کہا کہ راشدہ ماہین ملک نے جس خوبصورتی سے نسوانی افکار و نفسیات اور خواتین کے ساتھ روا رکھے جانے والے سماجی رویوں کو شعری کی زبان میں ڈھالا ہے وہ انتہائی قابل ستائش ہے۔ انہوں نے

۔ جاری ہے صفحہ نمبر 2

کہا کہ شعر کہنا ہر شخص کا کام نہیں ہے یہ اللہ کی دین ہے جسے چاہتا ہے اس صلاحیت سے نوازتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ گھٹن اور مادہ پرستی کے اس دور میں ادبی سرگرمیوں کا انعقاد بہت ضروری ہے۔ انھوں نے کہا کہ ادبی محفلوں کا انعقاد نہ صرف ہماری قومی زبان کی ترویج کے لیے ضروری ہے بلکہ ان محفلوں سے شرکت سے علم میں اضافے کے ساتھ ساتھ دلی اور ذہنی سکون بھی میسر آتا ہے۔

تقریب سے جن دیگر شعراء نے خطاب کیا ان میں منظور آفاقی، ڈاکٹر طالب تونسوی، راشدہ ماہین ملک، علامہ مسعود عالم خان اور قمر رضا شہزاد شامل تھے۔

میر محمد شاہ
ایس او (منسٹریا)